© rasailojaraid.com



زیرِتبصرہ کتاب میں جناب طاہر عبدالرزاق نے ''ظفر اللہ خان'' کی سیاہ زندگی کے بارے میں لکھے گئے متعدد مضامین جمع کر دیے ہیں۔ قاری کو ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کے ایک ناکام وکیل، بے کار مقرر، ناشائستہ گفتگو کرنے والے ایک چاپلوس اور عیار قادیانی کی بہت ساری داستانیں پڑھنے کو ملیں گی۔ ظفر اللہ خان نے مسلم لیگ میں رہ کر کس طرح مسلمانوں کی نمک حرامی کی باؤنڈری کمیشن میں بیٹھ کر کیا کیا سازشیں کیں اور پاکستان کا پہلا وزیرِ خارجہ بن کر پاکستان کو کیا کیا نقصانات پہنچائے۔ ایک غدار کی کہانی جو اپنے پہلو میں حقائق، دلائل، سچائی اور ثبوت لیے ہوئے ہے۔

**● ربوہ کی پُراسرار کہانیاں تدوین: محمد طاہر عبدالرزاق ضخامت: 202 صفحات، قیمت: 100 روپے**
**ناشر: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، حضوری باغ روڈ ملتان**

جناب محمد طاہر عبدالرزاق مرزائیوں کے تعاقب میں رواں دواں ہیں اب تک متعدد کتابیں مرزا قادیانی اور اس کی ملت مرتدہ کے بارے میں لکھ چکے ہیں مگر ''ربوہ کی پراسرار کہانیاں'' ان کی خصوصی تحقیق و تدوین کا نتیجہ ہے۔

آغا شورش نے کہا تھا:

اس نامراد شہر کی ہیبت مٹائے جا
ربوہ غلط مقام ہے اس کو ہلائے جا

جناب طاہر عبدالرزاق نے اپنی اس کتاب میں ربوہ کو ہلانے کی کامیاب کوشش کی ہے۔ مختلف مشاق اور منجھے ہوئے لکھاریوں کے انتیس مضامین کتاب میں شامل کیے ہیں جو ربوہ میں قادیانی عدالتوں، ریاست کے اندر ریاست کی کیفیت، بہشتی مقبرے کا فریب، جسٹس صمدانی کا دورۂ ربوہ اور کمیشن کی رپورٹ، امریکی سفیر، بھارت و اسرائیل کے جاسوسوں کی ربوہ میں موجودگی اور دیگر تاریخی انکشافات پر مشتمل ہے۔ جو دلچسپ بھی ہیں اور معلومات افزا بھی۔

**● ہم نے قادیان میں کیا دیکھا؟ (جلد ا) تدوین: محمد طاہر عبدالرزاق**
**ناشر: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، حضوری باغ روڈ ملتان صفحات: 206 قیمت: 100 روپے**

قادیانیوں نے اسلام پر جو نقب لگائی ہے اور ہماری متاع حیات کو ہم سے چھیننے کے لیے جو اوچھے ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں اسی سازش کا پردہ چاک کرنے کے حوالے سے جناب طاہر عبدالرزاق کا قلم ایک تلوار کا کردار ادا کر رہا ہے۔ اس کتاب میں مرتب نے قادیان میں تحفظ ختم نبوت کے لیے خدمات انجام دینے والے مختلف رہنماؤں کے مشاہدات و تأثرات اور قادیانیت کے محاسبہ و تجزیہ پر مشتمل بعض علمی و تحقیقی مضامین کو یکجا کر دیا ہے۔ لکھنے والوں میں مفکرِ احرار چودھری افضل حق، مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی، مولانا عنایت اللہ چشتی مولانا عبدالکریم مباہلہ، ماسٹر تاج الدین انصاری، خواجہ عبدالحمید بٹ، پروفیسر محمد اسلم اور عبداللہ ملک رحمہم اللہ شامل ہیں۔ ان مضامین میں قادیانیت کا بھیانک چہرہ بے نقاب کیا ہے۔ جھوٹے اور عیار مرزا کی اصلیت آشکارا کرنے کی یہ جہدِ مسلسل جناب طاہر عبدالرزاق کا مقصدِ حیات ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی صحت، عمر اور اوقات میں برکت عطا فرمائے! (تبصرہ: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)



© rasailojaraid.com